بسم اللہ الرحمن الرحیم

عمامہ کے ساتھ جمعہ، بغیر عمامہ کے ستر جمعوں کے برابر ہے، اس روایت کی تحقیق

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

کیا اس طرح کی کوئی حدیث ہے کہ عمامہ کے ساتھ ایک جمعہ بغیر عمامہ کے ستر جمعوں کے برابر ہے؟ اور کیا وہ من گھڑت ہے؟

جواب

جی ہاں! سوال میں ذکر کردہ روایت، کتب حدیث میں موجود ہے، اور یہ روایت من گھڑت نہیں ہے، بلکہ ضعیف ہے، جو فضائل میں مقبول ہے۔ فتاوی رضویہ میں ہے "فضل صلاۃ بالعمامۃ میں احادیث مروی، **وہ اگرچہ ضعاف ہیں مگر دربارہ فضائل ضعاف مقبول اور عندالتحقیق ان پر حکم بالوضع محل کلام**۔۔۔۔ابن عساکر والدیلمی وابن النجار عن ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنھما قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم یقول صلاۃ تطوع او فریضۃ بعمامۃ تعدل خمسا وعشرین صلاۃ بلا عمامۃ و جمعۃ بعمامۃ تعدل سبعین جمعۃ بلا عمامۃ (یعنی ایک نماز نفل ہو یا فرض، عمامہ کے ساتھ پچیس نماز بے عمامہ کے برابر ہے اور ایک جمعہ عمامہ کے ساتھ ستّر جمعہ بے عمامہ کے ہمسر۔) فیہ مجاھیل قلت ولیس فیھم کذاب ولا وضاع ولا متھم بہ ولا فیہ ما یردہ الشرع او یحیلہ العقل وقد اوردہ السیوطی فی الجامع الصغیر۔ (اس میں مجہول راوی ہیں۔ میں کہتا ہوں: ان میں سے کوئی بھی کذاب اور وضّاع (حدیث گھڑنے والا) نہیں اور نہ ہی کوئی متہم بالوضع ہے اور نہ اس میں کوئی ایسی چیز ہے جس کو شریعت رد کرتی ہو یا اسے عقل محال تصور کرتی ہو، اور اسے امام سیوطی نے جامع صغیر میں نقل کیا ہے۔)" (فتاوی رضویہ، ج 06، ص 203، 204، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مفتی محمد حسان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4914

تاریخ اجراء: 03 ذوالقعدۃ الحرام 1447ھ/21 اپریل 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net